سوال

اہل بدعت کیلیئے کتابیں کمپوز کرنا

جواب

شرک وبدعات پر مبنی کتب کی طباعت میں تعاون السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ !کیا اہل بدعت کیلیئے قرآن مجید کی تفاسیر وغیرہ لکھنا جائز ہے ؟ یا ایسی کتابیں جن میں شرک کی باتیں ہوں ۔ بعض لوگ کہتے ہیں کہ اس نیت سے لکھنا جائز ہے کہ حق پرست علماء ان کتابوں پر رد لکھ سکیں ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، اَما بعد! گناہ میں تعاون کرنا بھی گناہ ہے ،اور اللہ تعالی نے گناہ کے کاموں پر تعاون کرنے سے منع کیا ہے ۔ وَلَا تَعَاوَنُوا عَلَى الْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ (المائدۃ : 2) اور تم گناہ اور زیادتی پر تعاون نہ کرو۔ اور یہ بات بالکل درست نہیں ہے کہ حق پرست علماء ان کا رد کریں گے ، لہذا یہ جائز ہے ،اس کا مطلب تو یہ ہوا کہ آپ جان بوجھ کر اس لئے کوئی گناہ کریں تاکہ علماء اس کا رد کریں ۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتویٰ کمیٹی محدث فتویٰ